ڈیکیل پروڈکشنز کا تیار کردہ

حاتم طائی کی بیٹی

हातिमताई की बेटी

ستارے

چترا۔ مہی پال۔
دلجیت۔ کرشنا کماری
وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

حاتم طائی کی بیٹی کے گانے

گیت نمبر ۱

سخی حاتم کی خیر۔ سخی داتا کی خیر
جو بھرے جھولیاں ایسے داتا کی خیر
جو غریبوں کے دُکھ سکھ میں آتا ہے کام
ایسے انسان پر ہے ہمارا سلام
ایسے انسان کی خیر ایسے داتا کی خیر
سخی حاتم کی خیر...

گانا نمبر ۲۔ سونی سونی ہے بہار۔ چھوڑ دو چھوڑ دو انکار
کرلو کرلو اقرار۔ سونی سونی ہے بہار
کلیجہ تھام لو تیر کی طرح ہوشیار ہوتے ہیں
نظر ملتے ہی کتنے تیر دل کے پار ہوتے ہیں
ان کی کوئی پھندے دار۔ چھپ کے دل پر کریں وار
سونی سونی ہے بہار
ارے میلے ہیں دل میں پر تمہارے وصل کا ارماں
مناتی ہے محبت جب بہت کرتے ہیں غم خوشیاں
جیسی عاشق ہو سرکار۔ اجی کرلو ان سے پیار
ان کی باتیں مزیدار۔ سونی سونی ہے بہار
قربان ہے تیرے قربان۔ تیرے قربان دل کی۔ میرے دلدار دل کی
دھڑکتے دل مچلتے عشق کا پیغام لائی ہوں
چمک جائے تمہارا حسن وہ انعام لائی ہوں

بہ پریں افغانی سردار پہنے کلا علم دار
اجی کرلو ان سے پیار —— سونی سونی ہے بہار
جو ہے جنت زمیں کی تم کو وہ جنت دکھائیں گے
انہیں کی حور ہو یہ ہند کی ملکہ تمہیں بنائیں گے
پاؤ دولت بے شمار - پہنو موتیوں کا ہار
اجی کرلو ان سے پیار —— سونی سونی ہے بہار

گانا نمبر ۱۳ :- ایک دن حاتم طائی سے کسی نے پوچھا
کیوں مصیبت میں گرفتار تو رہتا ہے سدا
دوسروں کے لئے کیوں پھرتا ہے مارا مارا
بولا کچھ اور نہیں جانتا ہوں اس کے سوا
جب یہاں سے جاؤں گا میں اور کیا لے جاؤں گا
ایک نیکی ایک بھلائی ایک دعا لے جاؤں گا
چار دن کی زندگانی اور دنیا چند روز
چار دن کی یہ سرا ہے جس میں رہنا چند روز
کیوں نہ کر جاؤں جہاں میں نام اپنا چند روز
ایک اپنا نام یا نام خدا لے جاؤں گا — جب یہاں سے...
موت کے طوفان میں انسان جب بہہ جائے گا
ہیرا موتی سونا چاندی سب یہیں رہ جائے گا
جاتے جاتے جانے والا بس یہی کہہ جائے گا
میں یہاں لایا تھا کیا اور ساتھ کیا لے جاؤنگا — جب یہاں سے
خاک کا پتلا ہوں میں اور خاک میں مل جاؤنگا
بیج جیسے بوؤں گا ویسے ہی پھل میں پاؤں گا

اب نہیں سوچا تو مرتے دم بہت پچھتاؤں گا ہے
دامن بھی گناہوں سے بھرا لے جاؤں گا ۔ جب یہاں ...

گانا نمبر ۴ :- تو ہی موت دے تو ہی زندگی تیری شان جل جلالہ
تجھے کیا سمجھ سکے آدمی ۔ تیری شان ...
تو ہے رحیم اور کریم رحمان مشکل میری کر آسان ....
اے میرے مالک اے میرے مولی ۔ تیرے کرم کا مجھ کو بھروسہ
نام نہ کر بدنام کر میرا ۔ اتنا تو مجھ پر کر احسان
تو ہے رحیم ....
اتنا اثر ہو میری دعا کا ۔ دیکھے یہ دنیا جلوہ خدا کا
زہر سے لے کام دعا کا ۔ گمراہی پر کر احسان
تو ہے رحیم ....
قدرت کا اب کھیل دکھا دے ۔ رحمت کے کچھ پھول گرا دے
ڈال دے ان مردوں میں جان ۔ آج دکھا دے اپنی شان
تو ہے رحیم ....

گانا نمبر ۵ :- کالی کملی والے تم پر لاکھوں سلام
دنیا سے ہو نرالے تم پر لاکھوں سلام
لڑکا :- شافع محشر ساقی کوثر ہماری خدائی نازاں ہے تم پر
امت کے رکھوالے تم پر لاکھوں سلام ۔ کالی کملی ...
لڑکی :- نور خدا ہو صل علی ہو ۔ جان ہماری تم پر فدا ہو
عرش پہ جانے والے تم پہ لاکھوں سلام ۔ کالی کملی ....
لڑکا :- حق نے کیا جب تم کو پیدا ۔ نام محمد تم کو بخشا
تم ہو اللہ والے تم پہ لاکھوں سلام ۔ کالی کملی ....

لڑکی :۔ رب نے تمہیں محبوب بنایا۔ نور سے اپنے تم کو سجایا
لڑکا: بھولی صورت والے تم پہ لاکھوں سلام
گانا نمبر ۵ :۔ لڑکی : میں تو آ کے لٹ گئی دنیا کے میلے میں
میں تو کر کے محبت پڑ گئی جھمیلے میں
زلفیں کالی گال ہیں لالی ہیں متوالی رے
لڑکا: حسن کہاں صدقہ لینے آیا ایک سوالی رے
لڑکی :۔ ہو تجھے بند کرا دیتا اپنے طویلے میں ۔ میں تو کر کے ۔ ۔ ۔
آنکھیں میری تیر چلائیں ۔ زلفیں ڈالیں جال
لڑکا: ۔ عاشق بن کے آیا ہوں میں سن لے میرا حال
لڑکی :۔ ہوا جھگڑے دیکھو مجھ کو اکیلے میں ۔ میں تو کر کے ۔ ۔ ۔
اس کے خاطر کابل چھوڑا چھوڑ دیا ایران
لڑکا :۔ دل بھی لے لے سر بھی لے لے ۔ لے لے میری جان
مجھے آج بہا دے موت کے ریلے میں ۔ میں تو کر کے ۔ ۔
میں تو آ کے لٹ گئی دنیا کے میلے میں
گانا نمبر ۶ :۔ ہمیا ہمیا ہم کا ۔ دنیا گھر ہے غم کا
آہیں اور یہ نالے ۔ روئیں دل کے چھالے
دیکھے تماشا ہم کو مٹا کے ۔ دنیا بنانے والے ۔ ہمیا ۔ ۔
دیکھ لی دنیا تیری ۔ کیسی ہے دنیا تیری
جس میں کہیں انصاف نہ پایا ۔ دنیا بنانے والے ۔ ہمیا ۔ ۔
کیا یونہی مر جائیں ۔ خوش تجھے کر جائیں
لیکن ہمیں تو اتنا بتا دے ہم کہاں پر جائیں ۔ ہمیا ۔ ۔
تو ہوا بیگانہ کون سنے افسانہ

تیری یہ دنیا ہم کو ستائے۔ تجھ کو رحم نہ آئے۔ ہمیا...

گانا نمبر ۸ :۔ دل تھا معصوم محبت نے گنہگار کیا
ہنس کے پھندے میں تیرے تجھ کو گرفتار کیا
گھبرا نہ پیار کر لے۔ پیار کر لے۔ پیار کر لے
یہ بکھرے بکھرے گیسو۔ یہ بھینی بھینی خوشبو
جاگا ہوا ہے جادو۔ دل پر نہیں ہے قابو
آنکھیں تو چار کر لے۔ گھبرا نہ پیار کر لے.....
حسرت ستا رہی ہے۔ طوفاں جگا رہی ہے
مستی سی چھا رہی ہے۔ شرم آتی جا رہی ہے
نظروں کا وار کر لے۔ گھبرا نہ پیار کر لے...
ہونٹوں پہ ہیں ترانے۔ آنکھوں میں سو بہانے
بے درد دل نہ جانے۔ تجھ پر فدا خزانے
اب اعتبار کر لے۔ گھبرا نہ پیار کر لے...

گانا نمبر ۹ :۔ دل اُس کی محبت میں ہمیشہ سے گرفتار ہے میرا
اللہ کی بندی ہوں میں اللہ مددگار ہے میرا
رب اس کا ہے رکھوالا جو کہ اس کا ہو گیا
جس نے اُسے پہچانا وہ ہی شیدا ہو گیا
پانی ہوا اور آگ سب ہیں اس کے تابعدار
ہمت بھی جھوم جھوم کے کرتی ہے اس کو پیار
قربان اِس کی راہ میں جو بندہ ہو گیا
رب اس کا...
میری دعا جو اس کی طلبگار بن گئی

اُس کے کرم سے آگ بھی گلزار بن گئی
یہ شعلہ بن کے پھول گلستان کا ہو گیا
رب اس کا ...

گانا مثلہ نے آسماں سے مجھ پہ بھی برسا دے آگ
لٹ گئی ہیں لٹ گیا میرا سہاگ
کیوں تُو نے محبت کو میری کر دیا برباد
فریاد ہے فریاد
مظلوم پہ یہ ظلم ستم اور یہ بیداد
فریاد ہے فریاد

کہہ دے نہ زمانہ کہ تیرا کیسا خدا ہے
جو اُجڑی ہوئی مانگ تیری دیکھ رہا ہے
سُن لے میری آہیں میرے نالے میری فریاد
فریاد ہے فریاد

ایمان لٹا جاتا ہے شیطان کے ہاتھوں
شیطان کا سر توڑ دے ایمان کے ہاتھوں
پنجے سے بدی کے تُو کر انسان کو آزاد
فریاد ہے فریاد

سدا ہیں بنے کی ہے تیری بندگی
عطا میرے شوہر کو کر زندگی
اُجڑی ہے کی اس مانگ کو کر دے میری آباد
فریاد ہے فریاد

ختم شد